# 0103 (A)

Total No. of Questions– 16

Total No. of Printed Pages– 8    Regd. No. ☐☐☐☐☐☐☐☐☐☐

## Part II
## URDU, Paper - I
### (Second Language)

*Time : 3 Hours]*    *[Max. Marks : 100*

1. مندرجہ ذیل سے کوئی ایک بند لکھئے اور مشکل الفاظ کے معنی لکھئے :    1×6=6

(i) قدرت نے جس کو علم و فضل و ہنر دیا تھا

---------------------

---------------------

---------------------

---------------------

یہ ہے دکن ہمارا، پیارا وطن ہمارا

(ii) نظم ''بزم انجم'' سے کوئی ایک بند لکھئے اور مشکل الفاظ کے معنی لکھئے۔

2. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب پندرہ سطروں میں لکھئے :    1×6=6

(i) علامہ اقبالؔ نے نظم ''بزم انجم'' میں کن خیالات کا اظہار کیا ہے؟

(ii) نظم ''کلجگ'' کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

3. مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب پندرہ سطروں میں لکھئے :    1×6=6

(i) ''سیر پہلے درویش کی'' کا خلاصہ اپنی زبان میں لکھئے۔

(ii) موتی کا بھوت اتارنے کے لئے کیا کیا اقدامات کئے گئے؟

4. ذیل میں سے کوئی دو سوالات کے جواب دس سطروں میں لکھئے : 2×4=8

(i) ڈاکٹر زور کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟

(ii) ''چوتھی کا جوڑا'' کی روشنی میں عصمت چغتائی کی افسانہ نگاری پر نوٹ لکھئے۔

(iii) پطرس بخاری کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟

(iv) افسانہ ''قمیص'' کے مرکزی خیال کی وضاحت کیجئے۔

5. مندرجہ ذیل میں سے کوئی دو اشعار کی متن کے حوالہ سے تشریح کیجئے : 2×3=6

(i) امتحاں کیجئے مرا جب تک
شوق زور آزما نہیں ہوتا

(ii) ہم پر یہ سختی کی نظر ہم ہیں فقیر رہ گزر
رستہ کبھی روکا ترا، دامن کبھی تھا ما ترا

(iii) اے درد بتا کچھ تو ہی بتا ! اب تک یہ معمہ حل نہ ہوا
ہم میں ہے دلِ بیتاب نہاں یا آپ دل بیتاب ہیں ہم

(iv) حال دل یار کو لکھوں کیوں کر
ہاتھ دل سے جدا نہیں ہوتا

6. متن کے حوالے سے کوئی دو کی تشریح کیجئے : 2×3=6

(i) ''نہ تم ہمارے دوست ہو، نہ ہم تمہارے، یہ انصاف اور ایمان کا معاملہ ہے۔''

(ii) ان کا خیال ہے کہ مجھے مقصدی ادب پیش کرنا چاہئے اور میرا خیال ہے کہ تفریح بجائے خود ایک مقصد ہے۔

(iii) ''دو ہم تخلص لوگوں میں اتنا بھائی چارہ تھا کہ خاص طور سے شاعری کے معاملہ میں کوئی غیریت برتی نہیں جاتی تھی۔''

(iv) دو سیر ببول کی پھلیاں۔ آدھ سیر گوکھرو کے کانٹے اور پاؤ بھر ماش، کالی ماش بھیجیں۔

7. مندرجہ ذیل میں سے کوئی دوسوالوں کے جواب پانچ سطروں میں لکھئے : 2×3=6

(i) انشاء کی شاعری اور نثر نگاری کی خصوصیات بیان کیجئے۔

(ii) قوموں کی زندگی میں کٹھن منزل کونسی ہے ؟

(iii) مقطع کسے کہتے ہیں ؟ مثال دیجئے۔

(iv) وجد کی نظموں کا مختصر جائزہ لیجئے۔

8. مندرجہ ذیل میں سے کوئی دوسوالوں کے جواب پانچ سطروں میں لکھئے : 2×3=6

(i) ابن صفی اپنے مطالعہ کا شوق کس طرح پورا کرتے تھے ؟

(ii) الگو چودھری نے اپنا بیل کس کو اور کیوں بیچا اور اس نے بیل کی کیا درگت بنائی۔

(iii) ڈاکٹر عزیز احمد عرسی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟

(iv) تخلص جگر کے بارے میں مصنف کا کیا خیال ہے ؟

9. مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب ایک یا دو جملے میں لکھئے : 5×1=5

(i) انشاء کا اصل نام کیا ہے ؟

(ii) نظم ''ترانہ دکن'' کس نے لکھی ؟

(iii) اقبال نے کس کی بزم سجائی ؟

(iv) دنیا کیسا بازار ہے ؟

(v) حکومت نے شاد کو کس خطاب سے نوازا تھا ؟

**10.** مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب ایک یا دو جملے میں تحریر کیجئے : 5×1=5

(i) طغرل فرغان کے نام سے ابن صفی کس قسم کے مضامین لکھا کرتے تھے ؟

(ii) یوسف ناظم کب اور کہاں پیدا ہوئے تھے ؟

(iii) موتی کی عمر کیا ہے ؟

(iv) ڈاکٹر احمد عرسی کو کونسا ایوارڈ دیا گیا ؟

(v) باغ و بہار میں کتنے درویشوں کی سیر کا ذکر ہے ؟

**11.** مندرجہ ذیل اقتباس پڑھ کر سوالات کے جوابات لکھئے : 5×1=5

خدا نے ہر قوم میں نیک افراد بھی پیدا کئے ہیں۔ کُتّے اس کلیے سے مستثنٰی ہیں۔ آپ نے خدا ترس کتّا بھی ضرور دیکھا ہوگا۔ عموماً جس کے جسم پر تپسّیا کے اثرات ظاہر ہوتے ہیں۔ جب چلتا ہے تو اُس کی مسکینی اور عجز سے گویا بار گناہ کا احساس آنکھ نہیں اُٹھانے دیتا۔ دُم اکثر پیٹ کے ساتھ لگی ہوتی ہے۔ سڑک کے بیچوں بیچ غور و فکر کے لئے لیٹ جاتا ہے اور آنکھ بند کر لیتا ہے۔ شکل بالکل فلاسفروں کی سی اور شجرہ دیو جانس کلبی سے ملتا ہے۔

**سوالات :**

(i) کتّے کس کلیے سے مستثنٰی نہیں ہیں ؟

(ii) مسکینی اور عجز سے کون زندگی گزارتے ہیں ؟

(iii) سڑک کے درمیان کتّا کیا کرتا ہے ؟

(iv) کتّے کا شجرہ کس سے ملتا ہے ؟

(v) مصنف نے کتّے کو کس سے تشبیہ دی ہے ؟

**12.** ہر حصہ سے **چار** سوالات کے جواب لکھئے : 8×1=8

(الف) صرف **ایک** جملہ میں جواب لکھئے :

(i) اسم آلہ کسے کہتے ہیں ؟

(ii) عرف کسے کہتے ہیں ؟

(iii) صفت عددی کی تعریف کیجئے۔

(iv) جنس حقیقی سے کیا مراد ہے ؟

(v) زمانہ کے لحاظ سے فعل کی کتنی قسمیں ہیں ؟

(vi) ضمیر کی کتنی قسمیں ہیں ؟

(ب) ذیل کے بیانات پر صحیح (✓) یا غلط (×) کا نشان لگایئے :

(i) اسم کسی چیز یا جگہ کو کہتے ہیں۔ (   )

(ii) اس کو چھٹی نہ ملی جس نے سبق یاد کیا ضمیر اشارہ ہے۔ (   )

(iii) لڑکا مذکر کی پہچان ہے۔ (   )

(iv) فعل کام کو کہتے ہیں۔ (   )

(v) کل چھٹی رہے گی فعل حال کی قسم ہے۔ (   )

(vi) آم لذیذ ہے صفت نسبتی ہے (   )

**13.** مندرجہ ذیل سے کوئی آٹھ الفاظ کے مذکر یا مونث لکھئے : 8×1=8

(i) لڑکی

(ii) بندہ

(iii) ادیبہ

(iv) بنجارن

(v) دھوبی

(vi) بوڑھا

(vii) کتیا

(viii) اونٹ

(ix) بھکارن

(x) جوگن

(xi) پجاری

(xii) مور

14. ہر حصہ سے چار سوالات کے جواب لکھیے : 8×1=8

(الف) ذیل میں سے کوئی چار کے صحیح جوڑ بنائیے :

| | 'الف' | | 'ب' |
|---|---|---|---|
| (i) | سیر پہلے درویش کی | (۱) | یوسف ناظم |
| (ii) | دھنپت رائے | (۲) | اظہر افسر |
| (iii) | خوفناک عمارت | (۳) | میرامن دہلوی |
| (iv) | امریکہ میری عینک سے | (۴) | ابن صفی |
| (v) | مرزا اظہر جاں بیگ جانِ جاناں | (۵) | ڈاکٹر عزیز احمد عرسی |
| (vi) | کارنامے حیات ایوارڈ | (۶) | پریم چند |

(ب) ذیل میں سے کوئی چار اسباق کے مصنفین کا نام بتائیے :

(i) انار کے چودہ دانے ----------

(ii) ناز اٹھانے کو ہم ہی رہ گئے ڈاکٹروں کے ----------

(iii) قمیص ----------

(iv) کتے ----------

(v) چوتھی کا جوڑا ----------

(vi) میرا اسکول ----------

**15.** مندرجہ ذیل میں سے کوئی چھ جملوں کو صحیح کیجئے : 6×1=6

(i) آدمی آدمی سے ملتی ہے۔

(ii) شعیب کھیل رہی ہے۔

(iii) طوبیٰ امتحان لکھ رہا ہے۔

(iv) گرمی شروع ہو گیا ہے۔

(v) حامد اسکول جا رہی ہے۔

(vi) کوئی دیوانہ گلیوں میں پھرتی رہا۔

(vii) چوتھی کے جوڑا۔

(viii) کیا سریلی آواز آ رہا ہے۔

16. انگریزی عبارت کا اُردو میں ترجمہ کیجئے : 5

Sports are the physical activity done in particular ways of style and all are named accordingly, Indian Government has made compulsory playing the sports in the school and colleges for the student's welfare and good health as well as improving mental skill.